129173-سجدہ تلاوت کیلئے تکبیر کہنا

سوال

سوال : کیا نماز کے دوران یا خارج از نماز سجدہ تلاوت کرنے کیلئے تکبیر لازمی ہے ؟ اور کیا خارج از نماز سجدہ تلاوت کرتے ہوئے سلام پھیرنا ضروری ہے ؟

پسندیدہ جواب

"نماز میں سجدہ تلاوت نماز میں کیے جانے والے عام سجدے کی طرح ہے ،
چنانچہ سجدہ کرتے ہوئے ، اور سجدے سے اٹھتے ہوئے تکبیر کہیں گے ، اس کی دلیل یہ ہے کہ
: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نماز میں اٹھتے بیٹھتے ہر جگہ
تکبیر کہتے تھے ، جب آپ سجدہ کرتے تو تکبیر کہتے ، جب کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے ، ابو
ہریرہ سمیت دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایسے ہی بیان کیا ہے ، اور سجدہ تلاوت
بھی نماز ہی کا ایک سجدہ ہے ، چنانچہ سجدہ تلاوت کیلئے تکبیر کہنے کی یہ سب سے واضح
ترین دلیل ہے ۔

جبکہ خارج از نماز سجدہ تلاوت کے متعلق صرف سجدہ کی ابتدا میں تکبیر
منقول ہے ، یہی موقف مشہور و معروف ہے ، اور اسے ابو داود اور حاکم نے روایت کیا ہے ،
البتہ خارج از نماز سجدہ تلاوت سے اٹھنے کیلئے کوئی تکبیر یا سلام منقول نہیں ہے ،
کچھ اہل علم کا یہ کہنا ہے کہ سجدہ سے اٹھنے کیلئے تکبیر کہی جائے گی ، اور سلام بھی
پھیرا جائے گا ، لیکن اس بارے میں کوئی دلیل نہیں ہے ، لہذا خارج از نماز سجدہ تلاوت
کی صورت میں صرف سجدے کی ابتدا میں تکبیر کہنا شرعی عمل ہے ۔ اللہ تعالی ہی توفیق
دینے والا ہے " انتہی.